نقد و تبصرہ

نام ۔ مقالات خطیب رحمانی

مصنف ۔ حکیم عبدالعزیز خطیب رحمانی چشتی ۔ نظامی ۔ فریدی

ناشر ۔ مکتبۂ قدسی ، بستی لاڑجی ڈاکخانہ احمد پور لمہ تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان

ملنے کا پتہ ۔ سلیم فوٹوگرافرز، لیاقت مارکیٹ نمبر ۲۰ راولپنڈی

صفحات ۔ ۱۷۶

قیمت ۔ ۵۰/ ۱۵ روپے

یہ کتاب ۱۷ سوانحی ، اصلاحی اور دینی مقالات کا متنوع خوبصورت مجموعہ ہے ۔ زیادہ تر مقالات اولیا اللہ اور مشائخ عظام کی سوانح ، تعلیمات اور خدمات سے متعلق ہیں ۔ کتاب کی ابتدا میں حمد، نعت کے بعد سیرۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایک مختصر مگر جامع مقالہ ہے اور اس موضوع پر خطیبوں اور مقررین کے لئے بہت مفید ہے ۔ دیگر مقالات حضرت مجدد الف ثانیؒ اور صوبہ سرحد کے حضرت سید رحمکار کاکاؒ حضرت رحمان باباؒ، صوبہ پنجاب کے حضرت سید مہر علی شاہ گولڑویؒ خواجہ محمد سلیمان تونسویؒ خواجہ غلام فریدؒ کوٹ مٹھن شریف نیز صوبہ سندھ کے حضرت سید عبداللطیف شاہ بھٹائیؒ حضرت سید تاج محمود امروٹیؒ کے علاوہ صوبہ بہار (بھارت) کے حضرت سید محمد سلیمان شاہ پھلواروئیؒ ضلع بارہ بنکی ، دیوہ شریف کے حضرت حاجی سید وارث علی شاہؒ ریاست بھوپال کے حضرت سید ناصر الدینؒ محمد اسد الرحمٰن شاہزادہ قدسی قلندرؒ اور ان کے علاوہ بہت سے دوسرے اہل اللہ کا تذکرہ بھی اس تصنیف میں موجود ہے ۔

اس کتاب کی واضح خوبی یہ ہے کہ اولیاء کرام و مشائخ عظام کے حالات زندگی کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیمات کا خلاصہ بھی پیش کر دیا گیا ہے جو کہ مصنف کے وسعت مطالعہ و فہم و ادراک کی دلیل ہے۔ اور قارئین کے لئے استفادہ کا سامان ہے۔

(غلام مرتضیٰ آزاد)